No. of Printed Pages :8

# BUDC-132

## B.A. General (Urdu) CBCS

## (BAG)

### Term-End Examination

### December, 2024

### BUDC-132 : Study of Urdu Classical Ghazal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ درج ذیل کسی ایک شعری اقتباس کی تشریح کیجیے۔ ۱۵





(الف)

اس پھول سے چہرے کو جو کوئی یاد کرے گا
ہر آن میں سو سو چمن ایجاد کرے گا
مغرور نہ ہو ساقی رخسار پہ اپنے
پھر نئیں تو مری بات کو تو یاد کرے گا
البتہ سر آنکھوں سے کروں گا اسے منظور
جو عشق کا ہادی مجھے ارشاد کرے گا
معلوم ہوا عشق کے اطوار سے یوں کر
مجھ عقل کی بنیاد کوں برباد کرے گا

(یا)

(ب)

یہ آرزو تھی تجھے گل کے رو برو کرتے
ہم اور بلبل بے بیتاب گفتگو کرتے
پیامبر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا
زبان غیر سے کیا، شرح آرزو کرتے
ہمیشہ میں نے گریباں کو چاک چاک کیا
تمام عمر رفوگر رہے رفو کرتے
نہ پوچھ عالم برگشتہ طالعی آتش
برستی آگ، جو باراں کی آرزو کرتے





۲۔ ذیل میں دئے گئے شعری اقتباس میں سے کسی ایک کی تشریح حوالے کے ساتھ کیجئے۔ ۱۵

(الف)

بات کرنی مجھے مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی
جیسی اب ہے تری محفل کبھی ایسی تو نہ تھی
لے گیا چھین کے کون آج ترا صبر و قرار
بے قراری تجھے اے دل کبھی ایسی تو نہ تھی
اس کی آنکھوں نے خدا جانے کیا کیا جادو
کہ طبیعت مری مائل کبھی ایسی تو نہ تھی
کیا سبب تو جو بگڑتا ہے ظفر سے ہر بار
خو تری حور شمائل کبھی ایسی تو نہ تھی

یا

(ب)

سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہوگئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی جو پنہاں ہوگئیں
یاد تھیں ہم کو بھی، رنگا رنگ جزم آرائیاں
لیکن اب نقش و نگار طاق نسیاں ہوگئیں
میں چمن میں کیا گیا گویا دبستاں کھل گیا
بلبلیں سن کر مرے نالے، غزل خواں ہوگئیں
ان پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام
قدرت حق سے یہی حوریں اگر واں ہوگئیں





۳۔ محمد قلی قطب شاہ کی غزلوں کی خصوصیات بیان کیجیے۔ ۱۵

یا

ولی دکنی کی غزلوں پر اظہار خیال کیجیے۔

۴۔ میرؔ کی غزل گوئی پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔ ۱۵

یا

غالبؔ کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

۵۔ خواجہ حیدر علی آتش کی غزل گوئی کے جملہ

پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔ ۱۵

یا

ترقی پسند تحریک اور اردو غزل پر تبصرہ

کیجیے۔

۶۔ دہلی میں اردو غزل پر روشنی ڈالیے۔ ۵

۷۔ سراج کی شعری خصوصیات بیان

کیجیے ۔ ۵

۸۔ غزل کی تعریف بیان کیجیے اور موضوعات

پر روشنی ڈالیے۔ ۵





۹۔ میر کی حالات زندگی تحریر کیجیے۔ ۵

۱۰۔ غزل اردو کی مقبول صنف ہے اظہار خیال

کیجیے۔ ۵

××××××××